Session 24th
No 1202
Date 25-4-2017
Department Home

توجہ دلاو نوٹس 1202

منجانب: سردار حسین بابک رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ داخلہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ وہ یہ کہ موضع جنگئی ضلع بونیر میں آمین گل نامی شخص اوران کے بیٹوں نے فضل الرحیم نامی غریب شخص کو ان کے زمین میں زبردستی لکڑیاں کاٹ کران پر بے دردی سے تشدد کر کے ہلاک کر دیا ۔آمین گل اور ان کے بیٹے علاقے میں 15 سے زائد بے گناہ ہلاکتوں میں پولیس کو مطلوب ہیں۔ اور وہ اپنے بیٹوں اور نواسوں سے مل کر زبردستی غریب لوگوں سے بھتہ وصول کرنے ،لوگوں کے زمینوں پر قبضہ کرنے اور لوگوں کو ہراساں کرنے کے ساتھ ساتھ علاقے میں خوف اور دہشت کی علامت ہے۔ غریب اور بے کس لوگ ان کے سامنے بے بس ہو چکے ہیں۔ للہذا یہ ضروری ہے کہ صوبائی حکومت JIT بنا کر انکوائری کریں اور قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دے اور غریب اور بے کس لوگوں کو عزت اور تحفظ کے ساتھ زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرے اور مرحوم فضل الرحیم کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لائے۔